Sl. No. of Q.P. : 7700

Unique Paper Code : C-112

Name of the Paper : XV Urdu-A

Name of the Course : B.Com

Annual : IIIrd Year

Duration : 3 hours

Maximum Marks : 75

E - I

۱۔ ذیل کے اقتباسات میں سے ایک کی تشریح سیاق وسباق کے ساتھ کیجئے۔ 15

(الف)

''میری پیدائش اور وطن بزرگوں کا یمن ہے۔والد اس عاجز کا خواجہ احمد نام بڑا سوداگر تھا اس وقت میں کوئی مہاجن یا بیوپاری ان کے برابر نہ تھا۔اکثر شہروں میں کوٹھیاں اور گماشتے خرید وفروخت کے واسطے مقرر تھے اور لاکھوں روپے نقد اور جنس ملک ملک کی گھر میں موجود تھی۔ان کے یہاں دو بچے پیدا ہوئے۔ایک تو یہی فقیر جو کفنی پہنے ہوئے مرشدوں کی حضوری میں حاضر اور بولتا ہے،دوسری ایک بہن جس کی قبلہ گاہ نے اپنے جیتے جی اور شہر کے سوداگر بچے سے شادی کر دی تھی۔وہ اپنی سسرال میں رہتی تھی۔غوض جس کے گھر میں اتنی دولت اور ایک لڑکا ہو اس کے لاڈ پیار کا کیا ٹھکانا ہے؟''

(ب)

''بھائی اس معرض میں میں بھی تیرا ہم طالع اور ہمدرد ہوں۔اگرچہ یک فنہ ہوں مگر مجھے اپنے ایمان کی قسم میں نے اپنی نظم ونثر کی داد پائی نہیں۔آپ ہی کہا،آپ ہی سمجھا۔قلندری وآزادگی وایثار وکرم کے جو دواعی میرے خالق نے مجھ میں بھر دیے ہیں بقدر ہزار ایک ظہور میں نہ آئے۔نہ وہ طاقت جسمانی کہ ایک لاٹھی ہاتھ میں لوں اور اس میں شطرنجی اور ایک ٹین کا لوٹا مع سوت کی رسی کے لٹکا لوں اور پیادہ پا چل دوں۔کبھی شیراز جا نکلا،کبھی مصر میں جا ٹھہرا،کبھی نجف جا پہنچا۔نہ وہ دستگاہ کہ ایک عالم کا میزبان بن جاؤں۔اگر تمام عالم میں نہ ہو سکے نہ سہی۔جس شہر میں رہوں اس شہر میں تو بھوکا ننگا نظر نہ آئے۔''

۲۔ ذیل کے شعری اقتباسات میں سے ایک کی تشریح مع سیاق وسباق کیجئے۔ 15

(الف)

عیش ہے عیش کہ اس مہ کا خیالِ روشن
شمع روشن کیا مجھ دل کے شبستان میں آ

اب گئے اس کے جز افسوس نہیں کچھ حاصل
حیف صد حیف کہ کچھ قدر نہ جانی اس کی

ہر چند سبک دست ہوئے بت شکنی میں
ہم ہیں تو ابھی راہ میں ہیں سنگِ گراں اور

وہ جو لطف مجھ پہ تھے پیشتر،وہ کرم کہ تھا مرے حال پر
مجھے سب ہے یاد ذرا ذرا،تمہیں یاد ہو کہ نہ یاد ہو

زیرِ زمیں سے آتا ہے جو گل سو زر بکف
قاروں نے راستے میں لٹایا خزانہ کیا

(ب)

بندھا اس جگہ اس طرح کا سماں
صبا بھی لگی رقص کرنے وہاں

وہ سنسان جنگل وہ نورِ قمر
وہ براق سا ہر طرف دشت و در

وہ اجلا سا میداں چمکتی سی ریت
اُگا نور سے چند تاروں کا کھیت

درختوں کے سایے سے مہ کا ظہور
گرے جیسے چھلنی سے چھن چھن کے نور

ہوا بندھ گئی اس گھڑی اس اصول
بسیرا گئے جانور اپنا بھول

۳۔ میرامن کی نثر نگاری کی خصوصیات پر روشنی ڈالیے۔ 15

یا

سرشار کی نثر نگاری کی امتیازی خصوصیات بیان کیجئے

۴۔ ولی کی شاعری کی اہم خصوصیات تحریر کیجئے۔ 15

یا

میر کی غزل گوئی پر مضمون لکھئے

۵۔ اپنی کمپنی کے تیارہ کردہ صابن کی فروخت کیلئے ایک اشتہار تیار کیجئے۔ 20

یا

بیمہ کمپنی کے فروغ کے لئے ایک پمفلٹ تیار کیجئے۔

۶۔ ذیل میں سے دس اصطلاحات کے اردو مترادفات لکھئے۔ 20

Merchant	Merger	Mesh
Metal worker	Meter rate	Method of casting
Method stud	Micro economics	Middle class
Middle man	Mileage basis	Mill consuption
Mine worke	Minimum call pay	Mining Industry
Minor coin		